Merri-bek City Council

Urdu

7 گھرکوٹھنڈا رکھنے کے لیے مشورے

اس موسم گرما میں گرمی پڑنے والی ہے

اپنے گھر کو ٹھنڈا رکھنے اور اپنے بجلی کے بلوں میں بچت کے لیے یہاں 7مشورے دیئے جارہے ہیں۔
کچھ مشورے آسان اور کم لاگت والے ہیں۔
دیگر زیادہ مہنگے ہیں اور یہ ایک طویل مدتی سرمایہ کاری ہوگی۔

آسان اور کم قیمت $

ایک ٹھنڈا کمرہ بنائیں

پیسے بچانے کے لیے 1 کمرے کو ٹھنڈا رکھنے پر توجہ دیں

- اپنے گھر میں ٹھنڈے ترین کمرے کو تلاش کریں!
- دوسرے کمروں کو نکلنےوالی کھڑکیوں اور دروازوں کو بند کر دیں
- اگر آپ کے گھرمیں کھلے کمرے ہیں تو، غیر استعمال شدہ جگہوں کو پردوں یا کمبلوں سے بند کر دیں
- کمرے کو ٹھنڈا کرنے کے لیے پنکھوں اور ایئر کنڈیشنگ کا استعمال کریں
- بجلی کے استعمال کو کم کرنے کے لیے اپنے ایئر کنڈیشنر کو 26 پر سیٹ کریں
- اپنا ایئر کنڈیشنر جلدی آن کردیں۔
- اگر گھر پہلے سے ہی گرم ہے تو اسے مزید محنت کرنے کی ضرورت ہوگی۔

آسان اور کم قیمت $

کسی بھی خلا کو سیل کردیں

اپنے گھر میں کھلی جگہوں سے گرم ہوا کو آنے سے روکیں

- کھڑکیوں، دروازوں کے ارد گرد اور فرش بورڈز کے درمیان کھلی جگہوں کو چیک کریں
- خلا کو سیل کرنے کے لیے ڈرافٹ سٹاپرز کا استعمال کریں۔
- آپ پرانی جرابوں اور موزوں کو استعمال کرتے ہوئے گھر پر ڈرافٹ سٹاپرز بنا سکتے ہیں، یا صرف کسی تولیے یا بسترکی چادرکو لپیٹ سکتے ہیں۔

آسان اور کم قیمت $

اپنے پڑوسیوں سے شناسائی رکھیں

یہ بات اہمیت کی حامل ہے کہ گرمی کی لہر کے دوران آپ مدد حاصل کرنے یا دوسروں کی مدد کرنے کے قابل ہوں۔

- یقینی بنائیں کہ آپ کسی ایسے قریب رہنے والے کو جانتے ہوں جسے آپ مدد کے لیےکال کر سکتے ہوں، یا آپ جس کی مدد کر سکتے ہوں۔
- ایمرجنسی کی صورت میں کال کرنے کے لیے ایک دوسرے کے فون نمبرز لیں۔

اپنے باغ کو پانی لگائیں

درخت اور پودے سایہ فراہم کرتے ہیں اور آپ کے گھر کے ارد گرد ہوا کو ٹھنڈا رکھنے میں مدد دیتے ہیں۔

- گرمی کی لہر سے پہلے اپنے باغ کو پانی دینا بہترین عمل ہے
- علی الصبح یا شام کو پانی لگائیں
- مٹی کو خشک ہونے سے روکنے کے لیے پودوں کے ارد گرد گھاس پھونس لگائیں
- پانی کے استعمال پر عائد پابندیوں کا خیال رکھیں۔

مائیکروویو استعمال کریں

آپ کا مائیکرو ویوایک معیاری اوون کے مقابلے میں پکانے، ڈیفروسٹ کرنے اور دوبارہ گرم کرنےکے دوران کم توانائی استعمال کرتا ہے۔

- مائیکروویوز اپنی زیادہ تر توانائی باورچی خانے کے بجائے کھانے پر خرچ کرتے ہیں۔
- اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ اپنے گھرکو کھانا پکانے سے ہونیوالی گرمی سے محفوظ رکھ کرزیادہ آرام دہ رہیں گے اور کم بجلی استعمال کریں گے۔

اپنی کھڑکیوں کو ڈھانپیں

کھڑکیوں کو اندر اور باہر دھوپ سے بچائیں۔

- باہر:دھوپ کو روکنے کے لیے سایہ دار کپڑا لگائیں یا پودے رکھیں
- اندر:گرمی کو منعکس کرنے میں مدد کے لیے ہلکے رنگوں میں موٹے پردوں کا انتخاب کریں
- گہرے رنگوں اور دھاتی وینیشین بلائنڈز سے پرہیز کریں کیونکہ وہ گرمی جذب کرتے ہیں۔۔

بجلی کے اخراجات کو کم کریں

- **اگر آپ گرمی کی لہروں کے دوران اپنے ائیر کنڈیشنر کے استعمال کی لاگت کے بارے میں فکر مند ہیں، تو شمسی توانائی سے مدد حاصل کر سکتے ہیں۔**
- آپ کے گھر کی توانائی کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے بہت سی سرکاری مراعات دستیاب ہیں۔
- اپنے مالک مکان سے بات کریں۔
- اگر آپ کرائے کے گھر میں رہتے ہیں اور گرمیوں میں اسے ٹھنڈا رکھنے کو یقینی بنانے کے لیے بڑی تبدیلیوں کی ضرورت ہے تو اپنے مالک مکان سے ریاستی حکومت کی جانب سے فراہم کردہ رعایتوں کے بارے میں بات کریں۔

Merri-bek سٹی کونسل مدد کر سکتی ہے۔

zerocarbonmerri-bek.org.au/energy-switch/